## رہبر معظم کا آگ لگنے کے حادثہ میں جاں بحق افراد کے اہلخانہ کے نام تعزیتی پیغام - 1 /Jul/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے تہران کے ایک طبی مرکز میں آگ لگنے کے حادثہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہلخانہ کے نام تعزیتی پیغام ارسال کیا ہےاور متعلقہ اداروں کو حوادث کم کرنے کے سلسلے میں ضروری اقدام اٹھانے کی تاکید کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تہران کے ایک طبی مرکز میں آگ لگنے کے دردناک اور دلخراش حادثے میں چند عزیز شہری جاں بحق ہوگئے ۔ جاں بحق افراد کے اہلخانہ کو دل کی گہرائی سے تعزیت پیش کرتا ہوں۔ اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحومین کے لئے رحمت واسعہ اور ان کے اہلخانہ کے لئے صبر جمیل اور آرام و سکون طلب کرتا ہوں۔ ذمہ دار اداروں کو اس قسم کے دلخراش اور دردناک حوادث کو کم کرنے اور روکنے کے سلسلے میں ضروری اقدامات انجام دینے چاہییں تاکہ مستقبل میں اس قسم کے دردناک واقعات کی روک تھام کی جاسکے ۔ متعلقہ اداروں کو طبی مرکز میں آگ لگنے کے واقعہ کے بارے میں تحقیقات کی رپورٹ کو بھی جلد از جلد پیش کرنا چاہیے۔

سید علی خامنہ ای

11 تیر ماہ 1399